# کاروباری اہداف کی تکمیل پر
# کراچی سدرن زون میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سیدارشد علی کے ساتھ پہلی میٹنگز میں جناب سلطان احمد شیخ جناب محمد خالد شیخ اور دیگر ایگزیکٹیوز کے ہمراہ لیا گیا گروپ فوٹو

کاروباری اہداف کی تکمیل کی خوشی میں کراچی سدرن زون کے زونل سربراہ، سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز اورڈپارٹمنٹل ہیڈز کے اعزاز میں پرتکلف عشائیے کا اہتمام کیا گیا۔ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی مہمان خصوصی تھے۔ تقریب میں موجود سیکٹر ہیڈز، ایریا منیجرز، پرنسپل کراچی ٹریننگ اکیڈمی سدرن ریجن، ڈپارٹمنٹل ہیڈز نے مہمان خصوصی کو پھولوں کے ہار پہنا کرخوش آمدید کہا۔ تقریب کی نظامت کے فرائض اے جی ایم مارکیٹنگ جناب ایم سعید خان نے سرانجام دیئے۔ تلاوت قرآن مجید کے بعد جناب محمد خالد شیخ نے خطبہ استقبالیہ پیش کرتے ہوئے اعداد و شمار کے ذریعے زون کے پچھلے تین سالوں کے کاروبار کا تقابلی جائزہ پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ جنوری 2009ء ایک مشکل مہینہ تھا کیوں کہ دسمبر 2007ء میں محترمہ بے نظیر بھٹو کی شہادت کے باعث دسمبر 2007ء کا بزنس جنوری 2008ء میں منتقل ہوگیا تھا اور اس بنیادی پریمیئم کو حاصل کرنا محنت طلب کام تھا جو صرف ٹیم اسپرٹ کے ذریعے ہی ممکن ہوسکا۔ انہوں نے اپنے عزائم کا ایک بار پھر اعادہ کیا کہ کراچی سدرن زون کا 2009ء کا ٹارگٹ 28 کروڑ روپے پریمیئم سال اول ہے۔ ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان شیخ نے نئے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی کو خوش آمدید کہا اور ماضی کی گم گشتہ یادوں کے حوالے سے کراچی کو رہنما زون قرار دیا جو کہ پاکستان بھر میں لیڈ کیا کرتا تھا اور جس نے سب سے پہلے کروڑ پتی ایریا منیجرز کا تصور پیش کیا۔ انہوں نے اس امر پر تشویش کا اظہار کیا کہ کراچی والے آہستہ آہستہ بھرتی کے عمل کا راستہ بھول رہے ہیں جبکہ دوسرے ریجنز اور زونز میں صورت حال نسبتاً زیادہ بہتر ہے یہی وجہ ہے کہ ان کا کاروبار بڑھ رہا ہے۔ انہوں نے کراچی کے سیکٹر ہیڈز اور ایریا منیجرز کی توجہ اس جانب مبذول کروائی کہ وہ ملک میں بے روزگاری کا خاتمہ کرسکتے ہیں۔ اس کے بعد ایگزیکٹیو ڈائریکٹر سید ارشد علی نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے اس والہانہ استقبال پر سب کا شکریہ ادا کیا انہوں نے جناب محمد خالد شیخ کی بطور زونل ہیڈ کارکردگی اور ان کی قائدانہ صلاحیتوں کی تعریف کی۔ جس کے سبب کراچی سدرن زون کی پوری ٹیم اپنے اصل جوہر دکھانے کی جانب مائل ہوگئی۔ انہوں نے ان انقلابی اقدامات کا عندیہ دیا جو اسٹیٹ لائف کی اعلیٰ انتظامیہ، مارکیٹنگ فورس کی فلاح و بہبود، تعلیم و تربیت، کمپیوٹر لٹریسی کے حوالے سے کرنے کا ارادہ رکھتی ہے۔ انہوں نے بتایا کہ افرادی قوت کی ترقی اور نئے افراد کی بھرتی کے حوالے سے بذریعہ میڈیا استفادہ کیا جائے گا۔ آخر میں انہوں نے ایریا منیجرز کو سال گزشتہ کے کاروباری مقابلوں کے انعامات سے نوازا اور ڈپارٹمنٹل ہیڈز کو زون کی ترقی اور کامیابی میں فعال کردار ادا کرنے پر گلدستے پیش کیے۔ تقریب کا اختتام عشائیے پر ہوا۔

(رپورٹ: قاضی جاوید، منیجر مارکیٹنگ)



ایگزیکٹیوڈائریکٹر مارکیٹنگ سیدارشد علی، ایریا منیجر دلیپ کمار کو اعلیٰ کارکردگی پر پھولوں کا گلدستہ پیش کررہے ہیں، درمیان میں جناب سلطان شیخ بھی نمایاں ہیں



ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی سے ایریا منیجرز مرزا زاہد محمود، راجہ امتیاز حسین، سیلز منیجرز چوہدری محمد لطیف، چوہدری باغ حسین اور سیلز افسر جناب محمد خوشحال اعلیٰ کارکردگی پر انعام وصول کر رہے ہیں اس موقع پر جناب سلطان احمد شیخ بھی موجود ہیں

## بیمہ زندگی ایک منفرد پیشہ اور بیمہ پالیسی وقت کی ضرورت ہے، سید ارشد علی

میر پور آزاد کشمیر کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ دنوں میر پور آزاد کشمیر کی سالانہ تقریب تقسیم انعامات منعقد ہوئی جس میں ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ و پالیسی ہولڈر سروس، سید ارشد علی، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ، ڈویژنل ہیڈ پالیسی ہولڈر سروس جناب محمد فیصل ممتاز اور ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے شرکت کی۔

اس پروقار تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک و نعت رسول مقبول سے ہوا۔ ایریا منیجر مرزا زاہد محمود نے اسٹیج سیکریٹری کے فرائض انجام دیئے، نیز تقریب کے اغراض و مقاصد اور کارکردگی کا مختصر جائزہ پیش کیا۔

سالانہ بنیاد پر اول پوزیشن حاصل کرنے والے سیلز نمائندہ، سیلز آفیسر، سیلز منیجر، ایریا منیجر اور سیکٹر ہیڈ کو مہمانان گرامی کے ہمراہ اسٹیج پر بٹھایا گیا۔

راجہ محمد زماں صدر فیلڈ آفیسرز ایسوسی ایشن نے اظہار خیال کرتے ہوئے میر پور آزاد کشمیر میں اسٹیٹ لائف کی اپنی بلڈنگ تعمیر کرنے کا مطالبہ کے علاوہ میڈیکل فٹنس اور خواتین کی انشورنس کے قواعد میں اضافے پر زور دیا۔

اس موقع پر زونل سربراہ چوہدری محمد یوسف فاروقی نے اپنے خطاب میں کہا کہ میر پور زون نے ہمیشہ لائف فنڈ میں خطیر رقم ٹرانسفر کی ہے اور کم سے کم اخراجات پر زیادہ بزنس کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس کا سہرا بلاشبہ ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان کو جاتا ہے جنہوں نے اس زون کی بنیاد رکھی اور اسے عملی جامہ پہنایا۔

آخر میں انہوں نے اس عہد کا اعادہ کیا کہ یہ سال بانی میر پور اے کے زون کی سروس کا آخری سال ہے لہٰذا اس سال میر پور زون اپنے تمام سابقہ ریکارڈ توڑے گا اور کاروبار میں بے پناہ اضافہ کرے گا۔

انہوں نے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی سے درخواست کی کہ اعلیٰ کارکردگی کے حامل لوگوں کو جلد از جلد ترقی دی جائے تاکہ ان کے حوصلے بلند ہوں۔

اس موقع پر انعامات جیتنے والوں کو ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ سلطان اے شیخ، ڈویژنل ہیڈ پالیسی ہولڈر سروس، فیصل ممتاز اور ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان نے انعامات اور طلائی میڈل تقسیم کیے۔

اس موقع پر ریجنل چیف ناردرن نے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کو ان کی ریٹائرمنٹ پر خراج تحسین پیش کرتے ہوئے ان کے لیے نیک تمناؤں کا اظہار کیا اور ان کی کاوشوں اور کارناموں کو شاندار الفاظ میں سراہا۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ نے اپنے خطاب میں میر پور زون کی کارکردگی پر تمام ٹیم کو مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ بلاشبہ چوہدری محمد یوسف فاروقی اور محسن انشورنس راجہ ظفر علی شان نے اس گلستان کی آب یاری میں کوئی کسر نہیں چھوڑی۔

ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ مہمان خصوصی جناب سید ارشد علی نے حاضرین سے خطاب کرتے ہوئے بیمہ زندگی کو ایک منفرد پیشہ اور وقت کی ضرورت قرار دیا جو مشکل حالات میں انسان کو سہارا مہیا کرتا ہے آپ نے اس بات کا بھی اظہار کیا کہ مجھے بروقت بیمہ زندگی کی آفر نہیں ہوئی جس پر مجھے افسوس ہے۔

انہوں نے میر پور زون متعلقہ تمام مسائل کو بتدریج حل کرنے کا وعدہ کیا اور اعلیٰ کارکردگی کے حامل لوگوں کی ترقی کے لیے بھی اعلان کیا کہ انشاءاللہ یہ عمل بہت جلد تکمیل تک پہنچ جائے گا۔

آخر میں زونل اکاؤنٹینٹ جناب ظفر اللہ خان نے اختتامی کلمات کہے اور اس پروقار تقریب کا اختتام ہوا۔

(رپورٹ......خالد محمود، ایریا منیجر میر پور زون)

## چند یادگار لمحے۔ سینئر ریٹائرڈ افسران کے ساتھ

اسلام آباد میں اسٹیٹ لائف نارتھ ریجن کی منفرد تقریب

گزشتہ دنوں ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے ایک منفرد اور باوقار تقریب منعقد کی جس میں نارتھ ریجن کے ان اہم سینئر افسران کو مدعو کر کے کچھ پرانی یادیں تازہ کی گئیں۔ جنہوں نے اپنے اپنے عہد میں اسٹیٹ لائف کے لیے اعلیٰ کارکردگی کے نئے سنگ میل عبور کیے۔

15 اپریل 2009ء وہ خوش گوار دن تھا جب خصوصاً جناب حفیظ ملک سے لے کر تمام ریٹائرڈ افسران کو راول ڈیم کے قریب ریسٹورینٹ پر مدعو کیا گیا جہاں تمام ساتھی گھل مل کر بیٹھے اور سب نے یادوں کے دریچوں میں جھانکا۔ اس موقع پر تمام ریٹائرڈ افسران نے ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان کی اس کوشش کو خوب سراہا۔

ریٹائرڈ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ جناب حفیظ ملک نے اسٹیٹ لائف کی 2008ء کی شاندار کارکردگی پر چیئرمین اسٹیٹ لائف، ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ، فیلڈ کارکنان، افسران اور دفتر کے ساتھیوں کو زبردست خراج تحسین پیش کیا اور مبارک باد دی۔ انہوں نے اس موقع پر سابق چیئرمین عبدالمعید صدیقی کی وفات پر دکھ کا اظہار کیا اور اسٹیٹ لائف کے لیے ان کی خدمات کی تعریف کی۔

انہوں نے اپنے پیغام میں کہا کہ سینئر کی عزت، والدین کی دعاؤں اور ادارے کے لیے بھرپور محنت کو شعار بنایا جائے۔

اس موقع پر راجہ گستاسب خان، تہور علی خان، ایم تاج مرزا، منظور احمد اور تمام ریٹائرڈ افسران نے ادارے کی ترقی کے لیے دعا کی اور امید ظاہر کی کہ تمام کارکنان، دن رات محنت کر کے اس ادارے کی بقا کے لیے کام کریں گے۔ راجہ ظفر علی شان نے تمام افسران کا خصوصی طور پر دعوت پر تشریف لانے پر شکریہ ادا کیا۔

(رپورٹ......راجہ احسان الحق)



محمد حفیظ ملک، راجہ گستاسب خان اور ریٹائرڈ افسران اسٹیٹ لائف کی ترقی کے لیے دعا کر رہے ہیں

# جناب سعید خان اور سلطان مسعود نقی کی نئی ذمہ داریوں پر نیک تمناؤں کا اظہار

گزشتہ دنوں کراچی ایسٹرن زون کے ایریا منیجرز اور فیلڈ ورکرز نے شاندار اور پروقار تقریب کا اہتمام کیا جس میں ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی، سدرن زون کے زونل ہیڈ جناب محمد خالذ شیخ زونل ہیڈ کراچی سینٹرل زون جناب حسن رضا، پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی سید صغیر عابد رضوی اور دیگر معزز مہمانان گرامی کے علاوہ کراچی ایسٹرن زون کے فیلڈ کے بزرگ رہنما جناب رزاق شیخ، جناب نثار حسین اور سید وقاص الحسن زیدی نے خصوصی شرکت کی۔

اس تقریب میں جناب سعید خان کی بطور زونل ہیڈ اور جناب سلطان مسعود نقی کی کراچی ایسٹرن زون سے گروپ اینڈ پینشن میں تعیناتی ہونے پر نیک تمناؤں کا اظہار کیا گیا۔

جناب سلطان مسعود نقی نے سب سے زیادہ مدت کراچی ایسٹرن زون میں بطور زونل ہیڈ گزاری۔

اس تقریب میں جناب ایس ایچ کاظمی، جناب سلطان مسعود نقی اور جناب سعید خان نے خطاب کیا۔ جناب شوکت حسین کاظمی نے زون کے 2009ء کے اہداف حاصل کرنے پر زور دیا اور سعید خان کی کامیابی کے لیے دعا کی کہ اللہ آپ کو زون کے مسائل حل کرنے اور کاروباری اہداف حاصل کرنے کی توفیق دے جناب سعید خان نے ریجنل چیف کو یقین دلایا کہ وہ اللہ تعالیٰ کے کرم سے بھرپور محنت کر کے تمام مسائل حل کریں گے اور کاروباری اہداف حاصل کریں گے۔ جناب سلطان مسعود نے زون کے تمام افسران، اسٹاف، ایریا منیجرز، فیلڈ ورکرز خاص طور سے سیکٹر ہیڈز ڈپارٹمنٹل ہیڈ کا بھرپور تعاون کرنے پر شکریہ ادا کیا اور زون کے تمام ساتھیوں کی کامیابی کے لیے دعا کی۔

(تحفظ رپورٹ)



کراچی ایسٹرن زون......ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی، جناب محمد سعید خان کو زونل ہیڈ کراچی ایسٹرن زون کا عہدہ سنبھالنے پر مبارک باد پیش کر رہے ہیں




جناب سلطان مسعود نقی کی ٹرانسفر پر ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب شوکت حسین کاظمی، زونل ہیڈ کراچی سدرن زون جناب محمد خالد شیخ، زونل ہیڈ ایسٹرن زون جناب محمد سعید خان اور دیگر کی جانب سے نیک تمناؤں کا اظہار




(دائیں سے بائیں) زونل ہیڈ گروپ اینڈ پینشن لاہور سید فخر عباس، ڈی جی ایم، ایف ایم ڈی سید اظہار حسین رضوی، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان احمد شیخ، ریجنل چیف سینٹرل مدد علی انجم، زونل ہیڈ لاہور ویسٹرن ممتاز اے چوہدری، زونل ہیڈ لاہور سینٹرل شیخ زاہد امام

# لاہور میں ایف ایم ڈی کے زیر اہتمام تربیتی پروگرام

گزشتہ دنوں لاہور میں ایف ایم ڈی ڈپارٹمنٹ کے زیر اہتمام تین روزہ سالانہ ٹریزز کی ٹریننگ ورکشاپ ہوئی۔ جس میں چاروں ریجنز کے ٹریزز کے علاوہ ٹریننگ اکیڈمی پرنسپل، زونل ہیڈز لاہور سینٹرل و ویسٹرن اور گروپ اینڈ پینشن، ریجنل چیف سینٹرل جناب مدد علی انجم، ڈی جی ایم ایف ایم ڈی سید اظہار حسین رضوی اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ نے خصوصی طور پر شرکت کی۔

ورکشاپ کی ابتدا تلاوت کلام پاک سے ہوئی جبکہ اس ٹریننگ ورکشاپ میں اسٹیج سیکریٹری کے فرائض پرنسپل ٹریننگ اکیڈمی جناب صغیر عابد رضوی انجام دے رہے تھے۔ انہوں نے تمام شرکاء خصوصاً سید اظہار حسین رضوی اور جناب سلطان اے شیخ کا شکریہ ادا کیا۔

اس موقع پر سید اظہار حسین رضوی نے خطبہ استقبالیہ پیش کیا اور تمام شرکاء کو ٹریننگ آف ٹریزز میں خوش آمدید کہا۔ انہوں نے 2007-08 کی ٹریننگ کا جائزہ پیش کیا اور پرنسپل سینٹرل ریجن چوہدری انجم رشید کی میزبانی پر انہیں خراج تحسین پیش کیا۔

ریجنل چیف سینٹرل جناب مدد علی انجم نے تمام حاضرین کو خوش آمدید کہا اور چوہدری انجم رشید کے انتظامی امور کی تعریف کی۔ انہوں نے کہا کہ جدید طرز کے مطابق ٹریننگ کا بندوبست کیا جائے اور اس بات کو مدنظر رکھا جائے کہ اسٹیٹ لائف اور پرائیویٹ سیکٹر کے مدمقابل فیلڈ فورس کی ٹریننگ کیسے کر سکتے ہیں؟ انہوں نے مزید کہا کہ ٹریزز معزز بیمہ کاروں کی ٹریننگ کے لیے بہترین صلاحیتوں کا استعمال کر کے کارپوریشن کو 10 فیصد زائد پریمیئم دے سکیں گے۔

ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب سلطان اے شیخ نے خطبہ افتتاحیہ کے موقع پر تمام شرکاء کی آمد اور ٹریننگ آف ٹریزز کے شاندار انعقاد پر ستائشی الفاظ کہے۔ اس ضمن میں چوہدری انجم رشید کی کوششوں کو سراہا۔ انہوں نے کہا کہ محترم چیئرمین جناب شاہد عزیز صدیقی اور ایگزیکٹیو ڈائریکٹرز کی خواہش ہے کہ ٹریننگ کے سلسلے میں زیادہ توجہ دی جائے۔ اب یہ موقع ہے کہ اس میں بہتری لائی جائے اور اس ضمن میں جو بھی تجاویز ہوں اس ٹریننگ ورکشاپ میں انہیں سامنے لایا جائے۔ ان تجاویز پر عمل کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ کی بہتری کے لیے تمام تر صلاحیتوں کو استعمال کیا جائے ہمیشہ استاد طالب علموں کے لیے رول ماڈل ہوتا ہے لہٰذا ٹریزز کو پیشہ ورانہ مہارت حاصل کرنے پر بھرپور توجہ دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ ٹریننگ کے بغیر مستقبل میں فیلڈ فورس کی ترقیاں ناممکن ہیں۔ لہٰذا ٹریزز کو علم اور مہارت حاصل کرنی چاہئے۔

تین روزہ ٹریننگ ورکشاپ کے دوران ریٹائرڈ ایگزیکٹیو ڈائریکٹر جناب مبارک احمد ملک، ریٹائرڈ جنرل منیجر جناب محمد اسلم صابر نے بھی ٹریننگ کی بہتری کے لیے تجاویز دیں جسے حاضرین نے بے حد سراہا۔

تمام شرکاء نے انفرادی طور پر اپنے اپنے زون میں ٹریننگ کی تفصیلات بتائیں ٹریننگ آف ٹریزز کی ٹریننگ کے دوران مختلف تجاویز/مشورے و مسائل کا تذکرہ ہوا جو ٹریننگ کے دوران حائل ہیں۔ تین دن کے دوران شرکاء کو واہگہ بارڈر، انارکلی بازار و دیگر مقامات کی سیر کرائی گئی۔ ٹریننگ کے اختتام پر 2008ء کے دوران اعلیٰ خدمات کے اعتراف میں ایف ایم ڈی پرنسپل آفس کی طرف سے سرٹیفکیٹس تقسیم کیے گئے۔

(تحفظ رپورٹ)

پرنسپل صاحبان اور ایف ایم ڈی کے سربراہ سید اظہار حسین رضوی کا تربیتی پروگرام کے شرکاء کے ساتھ گروپ فوٹو



# عارف والا میں پہلے ایریا آفس کا افتتاح اور تقریب تقسیم انعامات

گزشتہ سال ساہیوال زون میں ترقی پانے والے ایریا منیجر حفیظ اللہ شاکر کے ایریا آفس کی افتتاحی تقریب ہوئی۔ تقریب کے مہمان خصوصی زونل سربراہ چوہدری اختر حسین نے افتتاح کیا۔

قبل ازیں ایریا منیجر حفیظ اللہ شاکر اور اس کی ٹیم کے تمام ساتھیوں نے زونل سربراہ ساہیوال زون کا پرتپاک استقبال کیا۔

ایریا منیجر حفیظ اللہ شاکر نے اپنے خطبہ استقبالیہ میں تمام معزز مہمانوں کو خوش آمدید کہا۔ مہمانوں میں کثیر تعداد میں بیمہ داران، معززین شہر اور معروف سماجی و کاروباری شخصیات شامل تھیں۔ ایریا منیجر نے تمام معزز مہمانوں کو اپنی کارکردگی سے آگاہ کیا اور انہوں نے کہا کہ بیمہ زندگی کا مقصد گھر گھر خوش حالی اور بچت کا پیغام پہنچانا ہے اور ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ کرنا ہے۔ میں بیمہ زندگی کو فلاح انسانی سمجھتے ہوئے اس راستے پر گامزن ہوں اس موقع پر سیکٹر ہیڈ پاکپتن چوہدری محمد اختر نے بھی خطاب کیا اور بیمہ زندگی کے مختلف پہلوؤں پر روشنی ڈالی۔

زونل سربراہ ساہیوال چوہدری اختر حسین نے اپنے خطاب میں بیمہ زندگی کو ایک معزز پیشہ قرار دیا انہوں نے کہا کہ میں نے بھی بطور سیلز نمائندہ اسٹیٹ لائف میں شمولیت اختیار کی اور آج آپ سب کے سامنے بطور ڈپٹی جنرل منیجر کھڑا ہوں انہوں نے کہا کہ ہم سب نے مل کر اپنے پیارے ملک سے بے روزگاری کا خاتمہ کرنا ہے اور اس ملک کو خوش حال بنانا ہے۔

آخر میں ایریا آفس کی طرف سے لکی ڈرا ہوئی جس میں پہلا انعام فریج، سیلز نمائندہ سید اسرار حسین شاہ کو ملا۔ دوسرا انعام رنگین 14 انچ ٹی وی، سیلز نمائندہ ملک شہزاد حفیظ کو ملا۔ تیسرا انعام واشنگ مشین سیلز آفیسر سید اعجاز حسنی کا نکلا اور چوتھا انعام DVD سیلز نمائندہ محمد شاہد کا نکلا اور باقی تمام شرکاء لکی ڈرا کو سفری بیگ تحفے میں دیئے گئے۔

تقریب کے اختتام پر تمام شرکا میٹنگ کو پرتکلف کھانا دیا گیا۔



زونل سربراہ ساہیوال
چوہدری اختر حسین
عارف والا میں
ایریا منیجر جناب حفیظ اللہ شاکر
کے ایریا آفس کا افتتاح
کرتے ہوئے

## ایریا منیجر جناب الطاف محمود کی مثالی اور قابلِ تقلید اعلیٰ کارکردگی



سیالکوٹ زون کے ایریا منیجر جناب الطاف محمود 31 مئی 2009ء کے اختتام پر دو کروڑ روپے سے زائد کا نیا پریمیئم حاصل کرکے کارپوریشن کے پہلے ایریا منیجر بن گئے ہیں۔ انہوں نے گزشتہ سال یعنی 2008ء میں بھی 3 کروڑ 21 لاکھ 41 ہزار 911 روپے کا پریمیئم سال اول حاصل کرکے پاکستان بھر میں دوسری پوزیشن حاصل کی تھی۔ اس شاندار کامیابی پر زونل ہیڈ سیالکوٹ زون شہزادہ ایم اقبال قریشی اور ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ جناب ایس ایچ کاظمی نے زبردست الفاظ میں خراج تحسین پیش کیا ہے اور امید ظاہر کی ہے کہ وہ رواں سال کے اختتام تک کارپوریشن میں ایک نئی تاریخ رقم کریں گے۔ بلاشبہ! جناب الطاف محمود کارپوریشن کا سرمایہ ہیں کارپوریشن کو ان کی خدمات پر فخر ہے جو بے لوث خدمت اور انتھک محنت سے نہ صرف اپنے ادارے کی ترقی و استحکام میں اہم کردار ادا کر رہے ہیں بلکہ زیادہ سے زیادہ عوام الناس کو بیمہ زندگی کا تحفظ فراہم کرکے ایک اہم قومی فریضہ ادا کر رہے ہیں۔ واضح رہے کہ چوہدری الطاف محمود گزشتہ کئی سالوں سے کنوینشن کوالیفائی کر رہے ہیں۔

تحفظ اسٹیٹ لائف کی اعلیٰ انتظامیہ کی جانب سے جناب الطاف محمود کو اس مثالی کارکردگی پر مبارک باد پیش کرتا ہے اور ان کے شاندار مستقبل کے لیے دعا گو ہے۔





پشاور زون کے ایریا منیجر جناب محمد جان کو ایک کروڑ روپے پریمیئم سال اول مکمل کرنے پر اور پریمیئم سال اول کی بنیاد پر پہلی پوزیشن پر آنے والے سیکٹر ہیڈ حاجی محمد شاہ کو جناب سلطان احمد شیخ خراج تحسین پیش کر رہے ہیں اس موقع پر ریجنل چیف راجہ ظفر علی شان اور زونل ہیڈ چوہدری محمد اعجاز بھی موجود ہیں

گزشتہ دنوں پشاور میں ایک خصوصی تقریب منعقد ہوئی۔ جس میں جناب سلطان احمد شیخ اور راجہ ظفر علی شان نے بھی شرکت کی۔ تقریب کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ زونل سربراہ چوہدری محمد اعجاز نے مہمانوں کو خوش آمدید کہا اور زون کی کارکردگی کا تفصیلی جائزہ پیش کیا اور پشاور زون کو دیئے گئے اہداف کو مکمل کرنے کی یقین دہانی کرائی اس موقع پر جناب سلطان اے شیخ نے اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے سیکٹر ہیڈ ز اور ایریا منیجرز کو پھولوں کے ہار پہنائے۔ ریجنل چیف نارتھ راجہ ظفر علی شان نے اپنے خطاب میں کہا کہ اسٹیٹ لائف ایک مثالی ادارہ ہے یہ ملک وقوم کی خدمت کر رہا ہے اس میں جمع شدہ رقوم ملک وقوم کی بھلائی کے لیے استعمال ہوتی ہیں انہوں نے کہا کہ وہ اس شخص کو دعا دیتے ہیں جو انہیں اس پیشہ میں لایا اور انسانیت کی خدمت کرنے کا موقع فراہم کیا۔ انہوں نے ایریا منیجرز سے کہا کہ وہ فیلڈ ورکرز کو کامیابی دلانے میں بھر پور کردار ادا کریں کیونکہ فیلڈ ورکرز کی کامیابی میں ان کی کامیابی پنہاں ہے جہاں کام کا جذبہ ہوگا وہاں کامیابی ہوگی انہوں نے کہا کہ اپنے ماہانہ اور سالانہ اہداف کو مکمل کیجیے تاکہ اہداف سے وابستہ آپ کی دفتری مراعات میں کمی نہ آنے پائے۔

# پشاور زون ہر میدان میں مزید ترقی کرے گا، سلطان احمد شیخ

## کامیابی حاصل کرنے کے لیے بڑی سوچ کے ساتھ کوشش اور محنت بھی ضروری ہے، راجہ ظفر علی شان

رپورٹ: سید زاہد علی شاہ،
ڈپٹی منیجر زونل ہیڈ سیکریٹریٹ

ڈویژنل ہیڈ جناب سلطان اے شیخ نے تمام شرکا تقریب، اسٹاف، آفیسرز اور فیلڈ کا اپنے پرتپاک اور شاندار استقبال پر شکریہ ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ پشاور آنا ان کے لیے کوئی نئی بات نہیں وہ ماضی میں پشاور زون سے وابستہ رہ چکے ہیں اور کئی دفتر کے دوستوں سے شناسا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زون میں اعلیٰ کارکردگی کا مظاہرہ کرنے والے ایریا منیجرز کی کمی نہیں لہٰذا زون کی جانب سے دیا گیا ٹارگٹ اگر سیلز منیجرز کی تعداد پر تقسیم کر دیا جائے تو کوئی وجہ نہیں کہ اسے حاصل نہ کر لیا جائے۔ انہوں نے اہداف حاصل کرنے کی صورت میں مارکیٹنگ ڈویژن کی جانب سے زون کے لیے انعامات کا بھی اعلان کیا۔ جناب سلطان احمد شیخ نے حاجی محمد شاہ سیکٹر ہیڈ پشاور اور محمد جان ایریا منیجر بنوں کو پہلی پوزیشن حاصل کرنے پر مبارک باد پیش کی انہوں نے دو کروڑ پتی اور کروڑ پتی بننے کا عزم رکھنے والے ایریا منیجرز کے جذبہ کو سراہا اور دوسروں کو بھی ان کے نقش قدم پر چلنے کی تلقین کی۔ انہوں نے کہا کہ ایریا منیجرز چھن کر اس عہدہ پر پہنچتا ہے لہٰذا وہ مستحق ہے کہ اس کی تعریف کی جائے۔ انہوں نے کہا کہ صرف بڑی سوچ رکھنے سے کامیابی حاصل نہیں ہوتی بلکہ اس کے لیے محنت اور کوشش کی بھی ضرورت ہوتی ہے جو آپ لوگوں میں نمایاں ہے پوری توجہ سے عملی کام کرنے والا ایریا منیجر کامیاب ہوتا ہے، وہ دفتر میں نہیں بیٹھتا بلکہ فیلڈ میں جا کر ورکرز کو کام کرنے کی ترغیب دیتا ہے اسی اصول پر کاربند رہ کر کامیابی حاصل کی جا سکتی ہے اور اہداف پائے جا سکتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پچھلے کئی سالوں سے نئے بھرتی شدہ کارکنان کی تعداد جوں کی توں ہے اور اس میں مزید کوئی اضافہ نہیں ہوا جو کہ ایک غور طلب بات ہے اس جانب توجہ دینی ہوگی اور ایسے افراد بھرتی کرنا ہوں گے جو محنتی اور کام سے دلچسپی رکھنے والے ہوں اور اس پیشہ کو اپنا مستقبل بنانا چاہتے ہوں ایسے افراد کو بھرتی کر کے مارکیٹ میں مقابلہ کرنے کی صلاحیت سے مالا مال کریں۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ پشاور زون ہر میدان میں مزید ترقی کرے گا۔ تقریب کے اختتام پر انہوں نے تمام شرکاء کی صحت، تندرستی اور کامیابی کے لیے نیک خواہشات اور تمناؤں کا اظہار کیا۔



## جناب شوکت حسین کاظمی نے مارکیٹنگ ڈویژن کے سربراہ کا چارج سنبھال لیا

اسٹیٹ لائف کے ڈپٹی جنرل منیجر جناب شوکت حسین کاظمی نے پرنسپل آفس میں بحیثیت کارپوریٹ مارکیٹنگ ہیڈ اپنی ذمہ داریاں سنبھال لی ہیں۔ یہ عہدہ انہوں نے جناب سلطان اے شیخ کی ریٹائرمنٹ کے بعد سنبھالا۔ جناب شوکت حسین کاظمی بیمہ زندگی کی صنعت میں وسیع و عریض تجربہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز سیلز نمائندہ کی حیثیت سے کیا۔ اپنی پیشہ ورانہ مہارت، محنت اور جدوجہد کی بدولت انہوں نے بیمہ زندگی کے فروغ کے لیے کارہائے نمایاں انجام دیئے اور ترقی پاتے ہوئے زونل ہیڈ، ریجنل چیف سے ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ کے عہدے پر فائز ہوئے۔ انہوں نے اپنے کیریئر میں پریمیئم سال اول اور تجدیدی پریمیئم کی مد میں نمایاں اضافہ کر کے کئی انعامات واعزازات اور گولڈ میڈل حاصل کیے۔

جناب شوکت حسین کاظمی کا عزم ہے کہ وہ مارکیٹنگ فورس کے لیے اور بیمہ زندگی کے فروغ کے لیے بھرپور کوششیں کریں گے۔ انہوں نے مارکیٹنگ فورس سے کہا ہے کہ وہ بیمہ زندگی کے سلسلے میں اپنی آرا اور مشوروں سے ضرور نوازیں۔



## جناب خالد محمود شاہد گلف زون کے نئے سربراہ

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن سرگودھا زون کے زونل سربراہ خالد محمود شاہد کو متحدہ عرب امارات میں گلف زون کا سربراہ تعینات کیا گیا ہے جبکہ گلف زون کے سربراہ جناب محسن عباس کو پرنسپل آفس کے مارکیٹنگ ڈویژن میں ذمہ داریاں سونپ دی گئی ہیں۔

جناب خالد محمود شاہد بیمہ زندگی کی فیلڈ میں بڑا تجربہ رکھتے ہیں۔ انہوں نے اپنے کیریئر کا آغاز سیلز نمائندہ کی حیثیت سے کیا اور انتھک محنت کے نتیجے میں سب سے کم عمر ایریا منیجر بنے۔ بعدازاں انہیں سیکٹر ہیڈ بنادیا گیا وہ لاہور، گوجرانوالہ، فیصل آباد اور سرگودھا زون میں اپنی خدمات انجام دے چکے ہیں۔ اعلیٰ انتظامیہ نے ان کی خدمات کے اعتراف میں ان کی ذمہ داریاں گلف زون میں لگائی ہیں۔ امید واثق ہے کہ وہ پہلے کی طرح گلف زون میں بھی اپنی کامیابیوں کے جھنڈے گاڑیں گے۔



## جناب عبدالستار ابڑو ریجنل چیف سدرن ہوگئے

ڈپٹی جنرل منیجر و زونل ہیڈ میرپور خاص زون جناب عبدالستار ابڑو کو فوری طور پر ٹرانسفر کر کے ریجنل چیف سدرن تعینات کیا گیا ہے۔

جناب عبدالستار ابڑو ایک سینئر اور تجربہ کار افسر ہیں جنہیں مارکیٹنگ کے شعبے میں وسیع تجربہ حاصل ہے۔ وہ فیلڈ فورس کی رہنمائی کے لیے اکثر ''تحفظ'' میں مضامین بھی لکھتے ہیں جن سے بیمہ کاروں کی تربیت کے سلسلہ میں رہنمائی ہوتی ہے۔

امید ہے کہ مارکیٹنگ فورس ان کی انتظامی و تربیتی صلاحیتوں سے بھرپور فائدہ اٹھائے گی۔

ہماری دعا ہے کہ ان کی سربراہی میں سدرن ریجن کاروباری لحاظ سے ترقی کی نئی منازل طے کرتے ہوئے بلند مقام حاصل کرے (آمین)۔



## مبارک مبارک

یہ حافظ عامر احمد خان ہیں جو ہمارے ساتھی جناب احمد اللہ خان سپرنٹنڈنٹ کارپوریٹ کمیونیکیشن کے بیٹے ہیں۔ اس وقت جرمنی میں اسکالرشپ پر کمیونیکیشن انجینئرنگ میں ماسٹرز کررہے ہیں۔ حافظ عامر احمد خان کا پورا تعلیمی کیریئر بہت شاندار رہا ہے۔ انہوں نے قرآن پاک صرف آٹھ ماہ کے مختصر عرصہ میں حفظ کرنے کی سعادت حاصل کی۔ حافظ عامر احمد خان کی شاندار کامیابیوں پر ادارہ ''تحفظ'' ان کو اور ان کے والدین کو مبارکباد پیش کرتا ہے اور دعا گو ہے کہ اللہ تعالیٰ ان کو مزید کامیابیاں عطا کرے۔ آمین

- گزشتہ دنوں کراچی میں اے جی ایم مارکیٹنگ جناب محسن عباس کی بیٹی معصومہ عباس کی شادی سید ضیاء عباس زیدی سے ہوئی۔
- اسسٹنٹ جنرل منیجر ساؤتھ ریجن جناب عطا محمد خان کی بیٹی کی شادی گزشتہ دنوں کراچی میں انجام پائی۔

ادارہ ''تحفظ'' نوبیاہتا جوڑوں کے خوشیوں بھرے مستقبل کے لیے دعا گو ہے اور جناب محسن عباس اور عطا محمد خان کو یہ اہم ذمہ داری نبھانے پر مبارکباد پیش کرتا ہے۔

## کارپوریشن اور ملازمین کی جانب سے متاثرین دہشت گردی کی امداد

اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن کی طرف سے سوات میں دہشت گردی سے متاثرہ خاندانوں کو مالی معاونت فراہم کرنے اور ان کی بحالی کے لیے مجموعی طور پر 38 لاکھ 50 ہزار 099 روپے کی رقم فراہم کی گئی ہے۔ اس ضمن میں ملازمین نے اپنی ایک روزہ تنخواہ بطور عطیہ وزیراعظم کے خصوصی فنڈ میں مبلغ 18 لاکھ 50 ہزار 099 روپے جمع کرائی ہے جبکہ کارپوریشن نے 20 لاکھ روپے کا عطیہ دیا ہے۔




## ''بیمہ زندگی اور اسلامی نقطہ نظر'' اب کتابچے کی صورت میں

سینئر جنرل منیجر جناب شیر علی خان کی تحریر ''بیمہ زندگی اور اسلامی نقطہ نظر'' کے عنوان سے قارئین تحفظ کے صفحات میں قسط وار ملاحظہ کررہے تھے۔ اب بہت جلد ایک مکمل کتابچے کی صورت میں آپ کے ہاتھوں میں ہوگی۔ اس ضمن میں کتابچہ کی ڈیزائننگ کی تکمیل کے بعد شعبہ جنرل سروسز کے حوالے برائے طباعت کردی گئی ہے۔ جیسے ہی طباعت کا کام مکمل ہوتا ہے، تمام زونوں کو یہ کتابچہ فراہم کردیا جائے گا۔

# News in Pictures



سیالکوٹ زون کے زیر اہتمام میٹنگ سے ایگزیکٹیو ڈائریکٹر مارکیٹنگ سید ارشد علی، ڈویژنل ہیڈ مارکیٹنگ سلطان احمد شیخ، ریجنل چیف چوہدری مدد علی انجم، ڈویژنل ہیڈ پالیسی ہولڈر سروسز جناب ایم فیصل ممتاز اور زونل ہیڈ شہزادہ اقبال قریشی خطاب کر رہے ہیں



جناب تجمل حسین سیکٹر ہیڈ گروپ اینڈ پینشن پشاور زون اپنے زونل سربراہ جناب طاہر مجید کو حکومت صوبہ سرحد سے گروپ انشورنس کے پریمیئم کی مد میں وصول کردہ مبلغ 14 کروڑ 76 لاکھ روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں



گجرات زون کے سیلز منیجر کی طرف سے سیلز آفیسر ریاض احمد کو سیکٹر ہیڈ راجہ ظفر اقبال ٹرافی دیتے ہوئے



رحیم یار خان زون کے ایریا منیجر بشیر احمد شاہین نے ایک کروڑ سے زائد پریمیئم سال اول کیا، جس کی خوشی میں کیک کاٹا جا رہا ہے جس میں زونل ہیڈ ریاض احمد بودلہ، ریجنل چیف چوہدری مقصود احمد، سیکٹر ہیڈ منیر احمد اور ایریا منیجر ملک عبدالکریم عابد نمایاں ہیں



گجرات زون کے سربراہ چوہدری عبدالناصر، راجہ ظفر اقبال، محترمہ شازیہ گل، جناب حبیب الرحمٰن، جناب فریاد احمد اور جناب الیاس احمد منعقدہ تقریب سے خطاب کر رہے ہیں



سدرن ریجن کے زیر اہتمام منعقدہ جلسہ عید میلاد النبیؐ میں مولانا اصغر درس، مولانا عون محمد نقوی اور جناب شوکت حسین کاظمی شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں



مقابلہ نعت خوانی میں جناب غلام یزدانی، جناب رحمت علی صدیقی، جناب نصر اللہ خان انعامات حاصل کر رہے ہیں، دوسری طرف مقابلہ مضمون نویسی جیتنے والے یوسف بیگ مرزا کی جگہ جناب محمد عثمان، جناب شاہد ہاشمی اور جناب محمد اعظم شاکر، مہمانان خصوصی سے نقد انعام حاصل کر رہے ہیں

# اسٹیٹ لائف میدان عمل میں




سکھر زون......زونل سربراہ جناب قوت علی جتوئی، بیمہ دار ہری داس کی بیوہ مسماۃ اروناباَئی کو ڈیتھ کلیم
کی مد میں -/12,56,000 روپے کا چیک پیش کر رہے ہیں، تصویر میں ایریا منیجر
جناب ہرپل مال بھی نمایاں ہیں



گجرات زون......سیکٹر ہیڈ سید اشرف حسین رضوی مرحوم سیلز منیجر
محمد رمضان کمبوہ کے بیٹے محمد اقبال کو ان کا گروپ انشورنس
کلیم چیک مبلغ اٹھارہ لاکھ روپے اسٹیٹ لائف
کی طرف سے ادا کر رہے ہیں



پشاور زون......سیلز منیجر مردان محمد نورالحق، بیمہ دار افتخار علی مرحوم کے بچوں کو
ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/8,86,352 روپے پیش کر رہے ہیں
اس موقع پر سیکٹر ہیڈ مردان فضل اکبر بھی موجود ہیں



حیدرآباد زون......ایریا منیجر جناب محمد قاسم بھرٹ مسماۃ پرل کی وفات پر
جناب رئیس علی محمد زرداری کو -/1,03,650 روپے کا ڈیتھ کلیم چیک
پیش کر رہے ہیں



بہاولپور زون......زونل سربراہ چوہدری اختر حسین محمد افضل مرحوم کی وفات پر مبلغ -/4,68,000
روپے کا ڈیتھ کلیم چیک ان کی بیوہ اور بچوں کو دے رہے ہیں تصویر میں سیکٹر ہیڈ
ایاز قادری ایریا منیجر صالح محمد اور سیلز افسر الطاف حسین
بھی نمایاں ہیں



لاڑکانہ زون......ایریا منیجر سید خیر شاہ جیلانی، سابق ایم پی اے سید عنایت شاہ کو میچوریٹی کلیم چیک
مبلغ -/3,45,200 دے رہے ہیں ان کے ہمراہ جناب عبدالکریم جاوید بھی موجود ہیں



کراچی ایسٹرن زون......سیلز آفیسر محترمہ شمع خان بیمہ دار سرور علی مرحوم کی بیوہ نجمہ بیگم کو ڈیتھ کلیم کی مد
میں مبلغ -/2,42,800 روپے کا چیک پیش کر رہی ہیں، سیلز منیجر جناب امجد علی بابا بھی نمایاں ہیں



میرپور خاص زون......صدر فیلڈ ورکرز ایسوسی ایشن جناب عبدالمالک، سیلز آفیسر جناب محمد ہاشم کے ہمراہ مرحوم عبدالحق
مرحوم کی پالیسی کا ڈیتھ کلیم چیک مبلغ -/1,24,000 روپے کا چیک ان کے وارث کے حوالے کر رہے ہیں